اس کے نقصانات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

دوسرے باب میں تارکین نماز کو دلائل سے قائل کر کے نماز کے مسائل و فضائل بیان کیے ہیں اور اسی سلسلہ میں اتباعِ رسولؐ پر بھی زور دیا گیا ہے۔ جبکہ تیسرے باب میں خدائی قانون کے باغیوں کے چال چلن اور موت کے بعد بے نمازوں کے ساتھ کیا ہوگا؟ وغیرہ احوال وواقعات احادیث کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں —— اور اس طرح یہ کتاب جامع المسائل بن گئی ہے۔ خدا کرے کہ جس مقصد کے تحت یہ کتاب لکھی گئی ہے، وہ پورا ہو —— مسلمان نمازی بنیں، نمازی مسنون نماز پڑھیں اور اللہ تعالیٰ مصنف کی اس مخلصانہ محنت کو قبول فرمائے۔ آمین!

کتابت و طباعت عمدہ، سفید کاغذ، مجلد سنہری ڈائی دار

۲

آفتابِ نبوت در ردِّ مرزائیت

مؤلفہ : چوہدری محمد سرفراز خاں

ضخامت : ۲۸۸ صفحات، بڑا سائز

ناشر : چوہدری محمد سرفراز چیمہ جمالی برادرز جدہ (سعودی عرب)

ملنے کا پتہ : مجلس تحفظ ختمِ نبوت کالرہ کلاں ضلع گجرات

چوہدری محمد سرفراز خاں صاحب متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ کی زیرِ نظر کتاب، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، ردِّ مرزائیت کے موضوع پر ہے۔ مؤلف نے اس کتاب میں پورے ایک سو دلائل سے مسئلہ ختمِ نبوت کو قرآن وحدیث اور اقوالِ مرزا صاحب سے واضح اور ثابت کیا ہے۔ کتاب کے چار حصے ہیں۔ پہلے حصہ میں مذکورہ تمام دلائل درج ہیں، حصہ دوم "معیارِ صداقت مرزا صاحب" پر مشتمل ہے۔ حصہ سوم میں واضح کیا گیا ہے کہ امتِ مرزائیہ کیوں اور کس طرح وجود میں آئی اور اس نے کیا کام سرانجام دیا؟

اور حصہ چہارم میں مرزا صاحب کے دعاوی کی لغویت کی نشاندہی کے علاوہ یہ واضح کیا گیا ہے کہ حقیقی مدارِ نجات فقط اللہ تعالیٰ کی اطاعت، انبیائے سابقین